**2609N536**

Candidate's Seat No :________

**M. A Sem.-4 (Rep) Examination**

**509**

**Urdu (EB) Urdu Tehrike**

**September-2024**

**Time : 2-30 Hours]** **[Max. Marks : 70**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال : ۱ ادبی تحریک کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اسکی ماہیت، معنویت اور اہمیت پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

(یا)

جدیدیت کیا ہے؟ جدیدیت کی تحریک کے اسباب اور مقاصد پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

سوال : ۲ ادبی تحریکات و رُجحانات کی اہمیت اور افادیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

(یا)

"تحریک انجمن پنجاب" کے آغاز اور اس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالئے۔

سوال : ۳ "رومانیت" کا مفہوم واضح کرتے ہوئے رومانی تحریک کے آغاز کے اسباب بیان کیجئے۔ ۱۴

(یا)

ترقی پسند تحریک کا آغاز اور اغراض و مقاصد پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی دو پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۴

(۱) تحریک اور رجحان میں فرق

(۲) "علی گڑھ تحریک" کے اغراض و مقاصد

(۳) تحریک حلقۂ ارباب ذوق کے مقاصد

(۴) فورٹ ولیم کالج کی تحریک

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) "ہر تحریک اپنا ایک دائرۂ عمل خود وضع کرتی ہے۔" یہ کس نے کہا ہے؟

(۲) رومانوی تحریک کو عموماً کس کا ردِ عمل قرار دیا جاتا ہے؟

(۳) "انجمن پنجاب" کا قیام کس کی کوششوں کا نتیجہ تھا؟

**(P.T.O.)**

(۴) "جذباتی آرزومندی" کو عام طور پر کس تحریک سے جوڑا جاتا ہے؟

(۵) "رجحان جس شعبے سے متعلق ہوتا ہے وہ اسی میں اثر دکھاتا ہے۔" یہ کس نے کہا ہے؟

(۶) فورٹ ولیم کالج میں "اُردو۔ہندوستانی شعبے" کے پہلے صدر کون تھے؟

(۷) جدیدیت خلاء میں لٹکی ہوئی نہیں ہوتی بلکہ اس کی جڑیں اپنی روایات میں ہوتی ہیں۔" کس نے کہا؟

(۸) "جدیدیت ایک اضافی چیز ہے۔" ایسا کس نے کہا ہے؟

(۹) شہرۂ آفاق تصنیف "Defense of Poetry" کے خالق کون ہیں؟

(۱۰) "علی گڑھ تحریک" کی بنیاد کس عیسوی سن میں رکھی گئی؟

(۱۱) ترقی پسندوں ادیبوں کی دوسری کل ہند کانفرنس کس سن میں اور کہاں منعقد ہوئی؟

(۱۲) مجتبیٰ حسین نے ادبی تحریک کی کیا تعریف پیش کی ہے؟

---پایان---